12- ہاؤسنگ

روٹی، کپڑا اور مکان ہماری روزمرہ زندگی کے لیے ضروری ہے۔ہم اپنے خاندان کے ساتھ مکان میں رہتے ہیں۔اگر ہمارے درمیان اپنائیت اور پیار ہوتو اس سے گھر پرسکون بن جاتا ہے۔اگر ہم یہ چاہتے ہیں کہ ہمارا گھر ہمیں آرامدہ اور اچھا لگے تو اس کے لیے اس کی دیکھ بھال کرنا ضروری ہے۔

مقاصد:

1) طلباء کی سابقہ معلومات کو جاننا۔
2) روزانہ کئے جانے والے کاموں کو جاننا۔
3) گھر کی حفاظت اور گھر کے کاموں کو جاننا۔
4) گھر کے اندر اور گھر کے باہر کی صاف صفائی کے بارے میں جاننا۔

سرگرمی 1:

''گھر'' اس لفظ کو لیکر ذہنی نقشہ بنائیں۔

آیئے بحث ومباحثہ کریں۔

1) کیا آپ گھر میں صفائی کرتے ہیں؟ اگر ہاں تو کیوں اور کیسے؟
2) گھر آپ کے لیے کیوں ضروری ہے؟
3) گھر کے اندر کے حصے کون کونسے ہیں؟

ذیل میں دیئے گئے پیرا گراف کو بلند آواز اور واضح تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔

گھر نہ صرف پناہ گاہ فراہم کرتا ہے بلکہ تحفظ اور لگاؤ کا احساس بھی پیداء کرتا ہے۔خاندان کے تمام ارکان کی مادی اور جذباتی ضرورتیں گھر میں ہی پوری ہوتی ہیں۔ یہ بچوں میں بزرگوں اور خواتین میں ایک' دوسروں کے لیے محبت اور لگاؤ' صحت' مذہبی احترام ذمہ داری کا احساس پیدا کرتا ہے۔ یہ وہ جگہ ہے۔ جہاں لوگ مل جل کر آپس میں پیار بانٹتے ہیں اور خوشیاں مناتے ہیں۔

سرگرمی 2:

ٹوکری کے کھیل کی طرح طلباء کو پرچی دیں۔سبھی کو پرچی میں نکلنے والے لفظ سے جڑے جملے بولنے کو کہیں۔اگر اگلے طالب علم کو وہی لفظ ملتا ہے۔تو وہ پہلے والے طالب علم کے بولے ہوئے جملے کو چھوڑ کر دوسرا نیا جملہ بولے گا۔اس طرح سبھی کے درمیان وہ ٹوکری گھومے گی اور سبھی طلباء اس سرگرمی میں حصہ لیں گے۔

سرگرمی 3:

پرچی کی مدد سے طلباء کو گھر میں روزآنہ ہفتہ واری یا ماہانہ واری کی جانے والی صفائی کی بنیاد پر رول پلے کروائیں۔سامنے والا گروپ اس کے بارے میں تعاثرات پیش کرے گا۔اگر کوئی عنوان سے متعلق موادرہ جاتا ہے تو اسے بھی سامنے والا گروپ بتایئے گا۔

سرگرمی 4:

ہر گھر میں بیت الخلاء کا ہونا کیوں ضروری ہے۔اس موضوع پر بحث ومباحثہ کرنا ہے۔

اہم الفاظ: نظم ونسق' ہفتہ واری' ماہانہ واری' پناہ گاہ' سالانہ۔